Lord Mayor of Sydney
CLOVER MOORE

Sydney Town Hall

GPO Box 1591
Sydney NSW 2001 Australia
Phone 02 9265 9229 Fax 02 9265 9328
Email cmoore@cityofsydney.nsw.gov.au

CITY OF SYDNEY

میں بڑی خوشی کے ساتھ سڈنی میں رہنے والے اور کام کرنے والے لوگوں کی جانب سے آپ کو یہاں خوش آمدید کہتی ہوں - سڈنی جو دنیا کے انتہائی دلچسپ اور رنگا رنگ شہروں میں سے ایک ہے۔

ہمارے معاشرے میں 180 سے زیادہ قوموں کے لوگ شامل ہیں۔ تہذیبوں، تواریخ، تجربات اور داستانوں کا یہ ملن ہمارے شہر کو رہائش، سیر، کام اور تعلیم کیلئے ایک عظیم مقام بناتا ہے۔

سڈنی اپنے صف اول کے طرز زندگی کے سبب آسٹریلیا میں تعلیم کیلئے دلچسپ ترین منزل ہے۔ ہمارے یہاں بلند پایہ تحقیقی ادارے اور معلمین ہیں جو دوسرے ممالک سے آنے والے طالبعلموں کو اعلیٰ تعلیمی مواقع فراہم کرتے ہیں۔

سڈنی تجربات سے بھرپور ایک شاندار طرز زندگی پیش کرتا ہے جہاں کیفے، دکانیں، بار اور ریسٹورنٹ بھی ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ یہاں آسٹریلیا کے بہترین اور نہایت متاثر کن فنون، ثقافت اور قدرتی ماحول کے مواقع بھی موجود ہیں۔

سڈنی ایک ایسا شہر ہے جو مواقع اور امکانات سے معمور ہے۔ یہاں تعلیم حاصل کرنے کے دوران آپ کھیل اور ثقافتی مواقع سے بھی لطف اندوز ہو سکیں گے جن میں ہمارا قابل دید سال نو کا جشن اور ایشیا سے باہر ہونے والا چینی سال نو کا سب سے بڑا جشن بھی شامل ہیں۔

میں آپ کو اس طرف بھی متوجہ کرتی ہوں کہ اپنے مقامی معاشرے میں دلچسپی لیں اور رضاکارانہ کام کے مواقع میں حصہ لیں تاکہ یہاں آپ کو بھرپور تجربات حاصل ہوں اور آپ مقامی تہذیب اور لوگوں کے بارے میں زیادہ سیکھیں۔

یہ زندگی سے بھرپور، آسان رسائی دینے والا اور محفوظ شہر محض آپ کے ہاتھوں دریافت ہونے کا منتظر ہے – ہمارے عظیم شہر میں خوش آمدید۔

Clover Moore

لارڈ میئر آف سڈنی
Clover Moore

city of villages